© rasailojaraid.com

# مدیر کے نام

دانش یار' لاہور

''بحالی جمہوریت......'' (اپریل ۲۰۰۳ء) میں ایل ایف او کے اسرار و رموز سمجھانے کے لیے ایک ایسا عام فہم مطالعہ پیش کیا گیا ہے جس سے آگہی پیدا ہوگی' اور متحدہ مجلس عمل کے موقف کو ٹھوس بنیادوں پر پیش کیا جاسکے گا۔

گل زادہ شیرپاؤ' لاہور

''علامہ اقبالؒ اور تجدید و احیاے دین'' (اپریل ۲۰۰۳ء) بہت موثر مضمون ہے۔ تجدید و احیاے دین کے حوالے سے اقبال کی فکر اور مساعی سے آگہی ہوتی ہے۔

ڈاکٹر محمد نجات اللہ صدیقی ' سعودی عرب

عراق تو ایک حال سے دوسرے حال میں منتقل ہوا۔ جو اپنا حال خود بدلنے کی صلاحیت کھو بیٹھا ہو' وہ دوسرے کے تصرف پر ماتم ہی کر سکتا ہے۔ دیکھنا ہے کہ ہم اس بدحالی سے کب نکلتے ہیں!

عبداللہ گوہر' کراچی

عراق کے حوالے سے امریکہ یہ کہہ رہا ہے کہ وہ وہاں جمہوریت لائے گا اور اس سے ایسی لہر چلے گی کہ پورے عالمِ عرب میں جمہوریت آجائے گی۔ اگر عرب ممالک میں واقعی جمہوریت آئی تو ہر جگہ امریکہ دشمن حکومتیں برسرِ اقتدار آجائیں گی۔ کیا امریکہ اس کے لیے تیار ہے؟ امریکہ جمہوریت سے مخلص ہے تو صرف اتنا کرم کرے کہ آمروں کی سرپرستی اور پشتیبانی ختم کردے۔ آمر خود ہی راہِ راست پر آجائیں گے اور عوام کی مرضی بالادست ہوجائے گی۔

طٰہٰ انس ' کراچی

بڑی بات ہو رہی ہے کہ مسلمان سائنس اور ٹکنالوجی پر توجہ دیں۔ لیکن شاید ہم اس طرح امریکہ پر برتری حاصل نہ کرسکیں۔ اپنے حکمران بدل دیں جو سودا نہ کریں' یہ بھی آسان نہیں لگتا۔ یہ کوشش بھی کریں'

© rasailojaraid.com